## سوال

(355)بچے کی پیدائش پر مٹھائی بانٹنے کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بچے کی پیدائش پر مٹھائی بانٹنا کیسا ہے کیا یہ فضول خرچی میں تو نہیں آتا۔؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بچے کی پیدائش پر خوشی ہونا ایک فطری سی بات ہے ،اور اس خوشی میں اگر معروف طریقے سے کوئی مٹھائی کھلاتا ہے تو بظاہر اس کی کوئی ممانعت نظر نہیں آتی،ہاں البتہ خوشی کے اظہار میں شرعی حدود کا خیال رکھنا ضروری ہے،اور اگر اس خوشی کے اظہار میں فضول خرچی کی جائے تو یہ حرام عمل ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[فتاوی بن باز رحمہ اللہ]

جلد اول